ہندوستان کی جماعت اسلامی نے رام پور کو اپنا مرکز بنا کر وہاں مسلمان بچوں کے لئے ایک درسگاہ قایم کی ہے جس کا مقصد تعلیم سے زیادہ بچوں کی تربیت ایک ایسے طریقہ پر کرنا ہے کہ وہ بڑے ہو کر پکے اور سچے مسلمان بھی ہوں دینیات اور عربی سے آشنا بھی ہوں اور ساتھ ہی دنیوی زندگی عزت اور خودداری کے ساتھ بسر کرنے کے بھی قابل ہوں اس مقصد کے پیش نظر درسگاہ کے ارباب کار نے خود اپنا ایک نصاب تیار کیا ہے اور اب اسی نصاب کو اس درسگاہ میں رائج کر کے اس کا عملی تجربہ کیا جا رہا ہے۔ زیر تبصرہ یہ چھوٹے چھوٹے چند رسالے اسی نصاب اور اس کے ماتحت تعلیمی و ذہنی اصلاح کے جذبہ سے لکھے گئے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ زبان و بیان، مضامین و ترتیب اور کتابت و طباعت ہر اعتبار سے یہ رسالے اس لائق ہیں کہ ہر مسلمان بچہ یا بچی کو پڑھائے جائیں ان کے پڑھنے سے اردو زبان بھی آئے گی نیکی کی عظمت اور اس کی طرف رغبت بھی پیدا ہوگی اور اخلاقی سربلندی و سرفرازی حاصل کرنے کا ولولہ بھی پیدا ہوگا۔

آسان کہانیاں | مرتبہ جناب افضل حسین صاحب ایم۔ اے۔ بی۔ ٹی قیمت ۳ر یہ رسالہ بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے جس میں دس کہانیاں بچوں کے لئے دلچسپ و آسان زبان میں لکھی گئی ہیں ان کہانیوں میں اس بات کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ کہانیاں بچوں کی ذہنی استعداد کے مطابق ہوں۔

باب القرآن | از مولوی حاجی ابو السعود احمد الباقوی تقطیع متوسط ضخامت ۳۲ صفحات کتابت و طباعت عمدہ قیمت ۶ر پتہ:۔ دار الاشاعت میل وشارام صلوبہ مدراس

یہ رسالہ گویا ایک قاعدہ قرآن مجید کی تعلیم کو آسان کر دینے کی غرض سے لکھا گیا ہے اس کے دو حصے ہیں۔ پہلے حصہ میں حروف تہجی اور حرکات و سکنات کی خوب مشق کرا دی گئی ہے دوسرے حصہ میں حروف کی ترکیب اور مرکبات کو سہل و آسان طریقہ پر سمجھانے اور ان کی مشق کرانے کی کوشش کی گئی ہے امید ہے یہ قاعدہ تجربہ کے بعد اپنے مقصد میں کامیاب ثابت ہوگا۔